بینک دولت پاکستان
شعبۂ بینکاری پالیسی وضوابط
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آر ڈی سرکلر لیٹر نمبر05 برائے 2019ء                                        22مارچ2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،
تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ،

**سہ ماہی اور ششماہی مالی گوشوارے-عبوری مالی گوشواروں کے لیے فارمیٹ**

براہِ کرم بی ایس ڈی سرکلر لیٹر نمبر2 برائے 2004ء بتاریخ 12 مئی 2004ء سے رجوع کیجیے جس میں سہ ماہی اور ششماہی مالی گوشواروں کا فارمیٹ بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کو تجویز کیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان اِن موجودہ فارمیٹس پر نظر ثانی کر رہا ہے تاکہ انہیں سالانہ مالی گوشواروں کے اُس فارمیٹ کے مطابق کیا جائے جو بذریعہ بی پی آر ڈی سرکلر نمبر2 برائے 2018ء جاری کیا گیا۔ عبوری مالی گوشواروں کا نظر ثانی شدہ فارمیٹ مع ان میں شامل نوٹس اس سرکلر کے ساتھ منسلک ہے جو موجودہ فارمیٹ کی جگہ لے گا۔

2۔ تمام بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے سہ ماہی اور ششماہی مالی گوشوارے نظر ثانی شدہ فارمیٹ پر تیار کریں جس کا نفاذ یکم جنوری 2019ء سے شروع ہونے والے حسابی سال سے عمل میں آئے گا۔ پہلی سہ ماہی 2019ء کے مالی گوشواروں کی تیاری کے لیے وقت کی کمی کے پیشِ نظر ان کی تیاری کی حتمی تاریخ 30 اپریل 2019ء سے بڑھا کر 31 مئی 2019ء کر دی گئی ہے۔

براہِ کرم وصولی سے مطلع فرمایئے۔

منسلکہ:
سہ ماہی اور ششماہی مالی گوشواروں کے لیے فارمیٹ

آپ کا مخلص

(محمد اختر جاوید)
ڈائریکٹر